**New York City Commission on Human Rights**
22 Reade Street
New York, NY 10007
212-306-7450 | 212-416-0197
www.nyc.gov/site/cchr

NYC Commission On Human Rights

2/6/25

# امیگریشن حیثیت اور قومیت کی بنیاد پرامتیازی سلوک کے خلاف تحفظ

**نیویارک شہر میں، آپ کی حقیقی یا ممکنہ امیگریشن حیثیت یا آپ کی قومیت کی بنیاد پر ملازمت، رہائش، اور عوامی مقامات مثلاً دوکانوں ، اسپتال، اور سینما گھروں میں آپ کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں کیا جا سکتا۔ اپنی امیگریشن حیثیت سے قطع نظر آپکے کچھ حقوق ہیں۔**

- کسی شخص کے آجر، ساتھی ملازمین یا رہائش فراہم کرنے والے مثلا مکان مالک کے لیے یہ ایک غیر قانونی عمل ہےکے وہ کسی کو دھمکانے، ذلیل کرنے یا کمتر ثابت کرنے کے لیے توہین آمیز یا نامناسب الفاظ استعمال کرے۔ اس میں کسی دوسرے شخص کی توہین، ذلت یا دل آزاری کی نیت سے "غیر قانونی غیر ملکی"جیسے الفاظ کا استعمال بھی شامل ہے۔
- آجروں کے لیے یہ غیر قانونی ہے کہ وہ مزدوروں کو کم اجرت دیں یا بالکل اجرت نہ دیں یا مزدوروں کو ہراساں کرنے، ڈرانے یا انکی امیگریشن حیثیت کی وجہ سے انہیں دھمکانے کے لیے امیگریشن اور کسٹمز انفورسمنٹ (ICE) کو اطلاع دینے کی دھمکی دیں ۔
- وفاقی قانون کے تحت، آجر ممکنہ ملازمین سے کچھ مخصوص دستاویزات طلب کر سکتے ہیں تاکہ کام کی اجازت ثابت ہو سکے۔ تاہم، یہ غیر قانونی ہے کہ آجر کسی مزدور کی امیگریشن حیثیت یا قومیت کے بارے میں قیاس آرائیوں کی بنیاد پر اس کے کام کرنے کی اجازت کی تصدیق کے لیے اضافی دستاویزات کا تقاضا کریں۔
- یہ غیر قانونی نہیں ہے کہ کوئی آجر کسی ایسے شخص کو ملازمت دینے سے انکار کرے جس کے پاس کام کرنے کی اجازت نہ ہو۔ تاہم، آجر کسی درخواست دہندہ سے اس کی امیگریشن حیثیت یا قومیت کی بنیاد پر مختلف یا اضافی دستاویزات طلب نہیں کر سکتے۔
- یہ غیر قانونی ہے کہ مکان مالک یا دیگر رہائش فراہم کرنے والے کسی شخص کی امیگریشن حیثیت یا قومیت کی بنیاد پراسے رہائش بیچنے، کرایہ پر دینے یا لیز پر دینے سے انکار کریں، یا مختلف شرائط، قواعد و ضوابط یا مراعات کے ساتھ ایسا کریں۔
- یہ غیر قانونی ہے کہ مکان مالک یا دیگر رہائش فراہم کرنے والے کسی کرایہ دار کو اس کی امیگریشن حیثیت یا قومیت کی بنیاد پر ہراساں کریں۔
- یہ غیر قانونی ہے کہ مکان مالک یا دیگر رہائش فراہم کرنے والے کسی کرایہ دار کی امیگریشن حیثیت یا قومیت کی بنیاد پر مرمت کروا کر دینے سے انکار کریں یا ناقص حالات والی رہائش فراہم کریں۔
- یہ غیر قانونی ہے کہ مکان مالک یا دیگر رہائش فراہم کرنے والے کرایہ داروں کو ان کی امیگریشن حیثیت کی بنیاد پر ہراساں کرنے، ڈرا دھمکا کر خوفزدہ کرنے یا دھمکانے کے لیے ICE کو اطلاع دینے کی دھمکی دیں۔
- یہ غیر قانونی ہے کہ ریسٹورنٹس، دکانیں، اسپتال یا کوئی اور عوامی سہولت لوگوں کو ان کی امیگریشن حیثیت یا قومیت کی بنیاد پر خدمات فراہم کرنے سے انکار کریں یا انہیں پسند نہ کیے جانے کا احساس کرائیں۔ گاہکوں کے لہجے، انگریزی زبان کی محدود مہارت یا کسی اور زبان کے استعمال کی بنیاد پر امتیازی سلوک کرنا بھی غیر قانونی ہے۔
- یہ غیر قانونی ہے کہ کسی شخص کو اس لیے سزا دی جائے یا انتقامی کارروائی کی جائے کیونکہ اس نے امتیازی رویوں/سلوک کے خلاف کارروائی کی تھی، مثلاً اس نے اپنے کام کی جگہ پر شکایت کی ہو یا نیو یارک سٹی کمیشن برائے انسانی حقوق یا کسی دیگر ایجنسی میں شکایت درج کروائی ہو۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے ساتھ امیگریشن حیثیت، قومیت یا کسی اور تحفظ دیئے گئے طبقے کی بنیاد پر امتیازی سلوک کیا گیا ہے، تو براہ کرم شکایت درج کرنے کے لیے کمیشن سے **416-0197(212)** پر رابطہ کریں۔